**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز
Public Relation Section
**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## یوم جشن آزادی پاکستان اور فتح معرکہ حق کے حوالے سے آئیسکو ہیڈ آفس میں پروقار تقریب۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی ( آئیسکو ) میں پاکستان کا 78 واں جشن آزادی اور فتح معرکہ حق کو بھر پور اور قومی جذبے سے منایا گیا۔تقریب میں چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجنیئر خالد محمود اور آئیسکو کے تمام سنیئر افسران سٹاف ممبران اور ان کے اہل خانہ نے بھر پور شرکت کی۔تقریب میں پاکستان کی سربلندی، پاکستان کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئی اور آئیسکو کے چیف ایگزیکٹو نے دیگر افسران کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور سیکورٹی اہلکاروں نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔انجنیئر خالد محمود نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کا دن محض ایک اتفاق نہیں یہ داستان ہے جدوجہد کی، ہمارے بزرگوں ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں کی جس کے باعث ہمیں آزاد ملک پاکستان ملا اور اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اس مملکت خداداد کی تعمیر و ترقی ،اس کی خوشحالی کیلئے اپنی تمام تر کاوشوں کو بروکار لائیں اور اس وطن عزیز کو عظیم سے عظیم تر بنائیں۔خطاب کے بعد یوم آزادی کا کیک کاٹ گیا اور شرکاء نے ایک دوسرے کو مبارک باد پیش کی۔ملی نغموں اور پاکستان زندہ باد کے نعروں نے ماحول کو گرما دیا۔تقریب سے چیف انجنیئر کامران آفتاب ،صدر انجنیئر ز ایسوسی ایشن انجنیئر شہزاد جلیل اور دیگر افسران نے خطاب کیا اور کہا کہ آئیسکو پاکستان کی خوشحالی اور پاکستان کی ترقی کیلئے ہمیشہ کوشاں رہے گا کیونکہ پاکستان کی خوشحالی ضمانت ہے خوشحال عوام کی۔

پریس ریلز نمبر:13-08/2025